تابع | تو کیا | تم | بچانے والے ہو | ہم کو | ایک حصے | سے | آگ | ٤٠:٤٧ | کہیں گے

ٱلَّذِينَ ٱسۡتَكۡبَرُوٓاْ إِنَّا كُلّٞ فِيهَآ إِنَّ ٱللَّهَ قَدۡ حَكَمَ
وہ لوگ | جنہوں نے تکبر کیا تھا | بیشک ہم | سب کے سب | اس میں ہیں | بیشک | اللہ تعالیٰ | تحقیق | وہ فیصلہ کرچکا

بَيۡنَ ٱلۡعِبَادِ ﴿٤٨﴾ وَقَالَ ٱلَّذِينَ فِي ٱلنَّارِ لِخَزَنَةِ جَهَنَّمَ
درمیان | بندوں کے | ٤٠:٤٨ | اور کہیں گے | وہ لوگ | میں | جو آگ میں ہوں گے | اہل کاروں کو | جہنم کے

ٱدۡعُواْ رَبَّكُمۡ يُخَفِّفۡ عَنَّا يَوۡمٗا مِّنَ ٱلۡعَذَابِ ﴿٤٩﴾
پکارو | اپنے رب کو | ہلکا کردے | ہم سے | ایک دن | سے | عذاب میں (سے) | ٤٠:٤٩

٤١. اے میری قوم! یہ کیا بات ہے کہ میں تمہیں نجات کی طرف بلا رہا ہوں اور تم مجھے دوزخ کی طرف بلا رہے ہو۔

٤٢. تم مجھے دعوت دے رہے ہو کہ میں اللہ کے ساتھ کفر کروں اور اس کے ساتھ شرک کروں جس کا کوئی علم مجھے نہیں اور میں تمہیں غالب بخشنے والے (معبود) کی طرف دعوت دے رہا ہوں۔

٤٣. یہ یقینی امر ہے کہ مجھے جس کی طرف بلا رہے ہو وہ تو نہ دنیا میں پکارے جانے کے قابل ہے نہ آخرت میں، اور یہ بھی (یقینی بات ہے) کہ ہم سب کا لوٹنا اللہ کی طرف ہے اور حد سے گزر جانے والے ہی (یقیناً) اہل دوزخ ہیں۔

٤٤. پس آگے چل کر تم میری باتوں کو یاد کرو گے، میں اپنا معاملہ اللہ کے سپرد کرتا ہوں، یقیناً اللہ تعالیٰ بندوں کا نگران ہے۔

٤٥. پس اسے اللہ نے تمام بدیوں سے محفوظ رکھ لیا جو انہوں نے سوچ رکھی تھیں، اور فرعون والوں پر بری طرح کا عذاب الٹ پڑا

٤٦. آگ ہے جس کے سامنے یہ ہر صبح شام لائے جاتے ہیں اور جس دن قیامت قائم ہوگی (فرمان ہوگا کہ) فرعونیوں کو سخت ترین عذاب میں ڈالو۔

٤٧. اور جب کہ دوزخ میں ایک دوسرے سے جھگڑیں گے تو کمزور لوگ تکبر والوں سے (جن کے یہ تابع تھے) کہیں گے ہم تو تمہارے پیرو تھے تو کیا اب تم ہم سے اس آگ کا کوئی حصہ ہٹا سکتے ہو؟

٤٨. وہ بڑے لوگ جواب دیں گے ہم تو سبھی اس آگ میں ہیں، اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے درمیان فیصلہ کر چکا ہے۔

٤٩. اور (تمام) جہنمی مل کر جہنم کے داروغوں سے کہیں گے کہ تم ہی اپنے پروردگار سے دعا کرو کہ وہ کسی دن تو ہمارے عذاب میں کمی کر دے۔

قَالُوٓاْ أَوَلَمۡ تَكُ تَأۡتِيكُمۡ رُسُلُكُم بِٱلۡبَيِّنَٰتِۖ قَالُواْ بَلَىٰۚ
وہ کہیں گے | کیا بھلا نہ | تھے | آئے تمہارے پاس | تمہارے رسولوں نے | ساتھ روشن دلائل کے | وہ کہیں گے کیوں نہیں

قَالُواْ فَٱدۡعُواْۗ وَمَا دُعَٰٓؤُاْ ٱلۡكَٰفِرِينَ إِلَّا فِي ضَلَٰلٍ ۝٥٠
وہ کہیں گے | پس دعا کرو | اور نہیں | دعا | کافروں کی | مگر | میں | گمراہی (میں) گم ہونے والی | ۴۰:۵۰

إِنَّا لَنَنصُرُ رُسُلَنَا وَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ فِي ٱلۡحَيَوٰةِ ٱلدُّنۡيَا
بیشک ہم | البتہ ہم مدد کرتے ہیں | اپنے رسولوں کی | اور ان لوگوں کی | جو ایمان لائے | میں | زندگی میں | دنیا کی

وَيَوۡمَ يَقُومُ ٱلۡأَشۡهَٰدُ ۝٥١ يَوۡمَ لَا يَنفَعُ ٱلظَّٰلِمِينَ مَعۡذِرَتُهُمۡۖ
اور جس دن | کھڑے ہوں گے | گواہ | ۴۰:۵۱ | جس دن | نہ | نفع دے گی | ظالموں کو | ان کی معذرت

وَلَهُمُ ٱللَّعۡنَةُ وَلَهُمۡ سُوٓءُ ٱلدَّارِ ۝٥٢ وَلَقَدۡ ءَاتَيۡنَا مُوسَى
اور ان کے لئے | لعنت ہے | اور ان کے لئے | بدترین | گھر ہے (برا ٹھکانہ ہے) | ۴۰:۵۲ | اور البتہ تحقیق | دی ہم نے | موسیٰ کو

ٱلۡهُدَىٰ وَأَوۡرَثۡنَا بَنِيٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ ٱلۡكِتَٰبَ ۝٥٣ هُدٗى
ہدایت | اور وارث بنایا ہم نے | بنی | اسرائیل کو | کتاب کا | ۴۰:۵۳ | ہدایت ہے

وَذِكۡرَىٰ لِأُوْلِي ٱلۡأَلۡبَٰبِ ۝٥٤ فَٱصۡبِرۡ إِنَّ وَعۡدَ ٱللَّهِ
اور نصیحت ہے | والوں کے لئے | عقل (والوں کے لئے) | ۴۰:۵۴ | پس صبر کیجئے | بیشک | وعدہ | اللہ کا

حَقّٞ وَٱسۡتَغۡفِرۡ لِذَنۢبِكَ وَسَبِّحۡ بِحَمۡدِ رَبِّكَ بِٱلۡعَشِيِّ
سچا ہے | اور بخشش مانگیے | اپنے قصور کے لئے | اور تسبیح کیجئے | حمد کے ساتھ | اپنے رب کی | شام کو۔ پچھلے پہر

وَٱلۡإِبۡكَٰرِ ۝٥٥ إِنَّ ٱلَّذِينَ يُجَٰدِلُونَ فِيٓ ءَايَٰتِ ٱللَّهِ
اور صبح کو۔ پہلے پہر | ۴۰:۵۵ | بیشک | وہ لوگ | جو جھگڑتے ہیں | میں | آیات (میں) | اللہ کی

بِغَيۡرِ سُلۡطَٰنٍ أَتَىٰهُمۡ إِن فِي صُدُورِهِمۡ إِلَّا كِبۡرٞ
بغیر | کسی دلیل کے | آئی ان کے پاس | نہیں | میں | ان کے سینوں (میں) | مگر | تکبر۔ بڑائی

مَّا هُم بِبَٰلِغِيهِۚ فَٱسۡتَعِذۡ بِٱللَّهِۖ إِنَّهُۥ هُوَ ٱلسَّمِيعُ
نہیں | وہ | پہنچنے والے اس کو | پس پناہ مانگیے۔ پناہ طلب کیجئے | اللہ کی | بیشک وہ | وہی | سننے والا ہے

ٱلۡبَصِيرُ ۝٥٦ لَخَلۡقُ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِ أَكۡبَرُ مِنۡ
دیکھنے والا ہے | ۴۰:۵۶ | یقینا پیدائش | آسمانوں کی | اور زمین کی | زیادہ بڑی ہے | سے

خَلۡقِ ٱلنَّاسِ وَلَٰكِنَّ أَكۡثَرَ ٱلنَّاسِ لَا يَعۡلَمُونَ ۝٥٧
پیدائش (ہے) | انسانوں کی | اور لیکن | اکثر | لوگ | نہیں | علم رکھتے | ۴۰:۵۷

وَمَا يَسۡتَوِي ٱلۡأَعۡمَىٰ وَٱلۡبَصِيرُ وَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ
اور نہیں | برابر ہوسکتے | اندھا | اور دیکھنے والا | اور وہ لوگ | جو ایمان لائے | اور انہوں نے عمل کیے

ٱلصَّٰلِحَٰتِ وَلَا ٱلۡمُسِيٓءُۚ قَلِيلٗا مَّا تَتَذَكَّرُونَ ۝٥٨
اچھے | اور نہ | بدکار۔ برے کام کرنے والے | کتنا | کم | تم نصیحت پکڑتے ہو | ۴۰:۵۸

۵۰. وہ جواب دیں گے کہ کیا تمہارے پاس تمہارے رسول معجزے لے کر نہیں آئے تھے؟ وہ کہیں گے کیوں نہیں، وہ کہیں گے پھر تم ہی دعا کرو، اور کافروں کی دعا محض بے اثر اور بے راہ ہے

۵۱. یقیناً ہم اپنے رسولوں کی اور ایمان والوں کی مدد زندگانی دنیا میں بھی کریں گے اور اس دن بھی جب گواہی دینے والے کھڑے ہونگے۔

۵۲. جس دن ظالموں کو ان کی (عذر) معذرت کچھ نفع نہ دے گی ان کے لئے لعنت ہی ہوگی اور ان کے لئے برا گھر ہوگا۔

۵۳. ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو ہدایت نامہ عطا فرمایا اور بنو اسرائیل کو اس کتاب کا وارث بنایا۔

۵۴. کہ وہ ہدایت و نصیحت تھی عقل مندوں کے لئے

۵۵. پس اے نبی! تو صبر کر اللہ کا وعدہ بلا شک (وشبہ) سچا ہی ہے تو اپنے گناہ کی معافی مانگتا رہ اور صبح شام اپنے پروردگار کی تسبیح اور حمد بیان کرتا رہ۔

۵۶. جو لوگ باوجود اپنے پاس کسی سند کے نہ ہونے کے آیات الٰہی میں جھگڑا کرتے ہیں ان کے دلوں میں بجز نری بڑائی کے اور کچھ نہیں وہ اس تک پہنچنے والے ہی نہیں۔ سو تو اللہ کی پناہ مانگتا رہ بیشک وہ پورا سننے والا اور سب سے زیادہ دیکھنے والا ہے۔

۵۷. آسمان و زمین کی پیدائش یقیناً انسان کی پیدائش سے بہت بڑا کام ہے، لیکن (یہ اور بات ہے کہ) اکثر لوگ بے علم ہیں

۵۸. اندھا اور بینا برابر نہیں نہ وہ لوگ جو ایمان لائے اور بھلے کام کئے بدکاروں کے برابر ہیں، تم (بہت) کم نصیحت حاصل کر رہے ہو۔

إِنَّ ٱلسَّاعَةَ لَآتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيهَا وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ ٱلنَّاسِ

بیشک | قیامت کی گھڑی | البتہ آنے والی ہے | نہیں | کوئی شک | اس میں | لیکن | اکثر | لوگ

لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٥٩﴾ وَقَالَ رَبُّكُمُ ٱدْعُونِيٓ أَسْتَجِبْ لَكُمْ

نہیں | ایمان رکھتے | ۴۰:۵۹ | اور کہا | تمہارے رب نے | پکارو مجھ کو | میں جواب دوں گا | تمہارے لئے

إِنَّ ٱلَّذِينَ يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِي سَيَدْخُلُونَ جَهَنَّمَ

بیشک | وہ لوگ | جو تکبر کرتے ہیں | سے | میری عبادت (سے) | عنقریب وہ داخل ہوں گے | جہنم میں

دَاخِرِينَ ﴿٦٠﴾ ٱللَّهُ ٱلَّذِي جَعَلَ لَكُمُ ٱلَّيْلَ لِتَسْكُنُوا۟

ذلیل و خوار ہوکر | ۴۰:۶۰ | اللہ | وہ ذات ہے | جس نے بنائی | تمہارے لئے | رات | تاکہ تم سکون پاؤ

فِيهِ وَٱلنَّهَارَ مُبْصِرًا ۚ إِنَّ ٱللَّهَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى ٱلنَّاسِ وَلَٰكِنَّ

اس میں | اور دن | روشن | بیشک | اللہ تعالیٰ | البتہ والا ہے | فضل (والا ہے) | پر | لوگوں (پر) | لیکن

أَكْثَرَ ٱلنَّاسِ لَا يَشْكُرُونَ ﴿٦١﴾ ذَٰلِكُمُ ٱللَّهُ رَبُّكُمْ

اکثر | لوگ | نہیں | شکر ادا کرتے | ۴۰:۶۱ | یہ ہے | اللہ | رب ہے تمہارا

خَٰلِقُ كُلِّ شَيْءٍ لَّآ إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ فَأَنَّىٰ تُؤْفَكُونَ ﴿٦٢﴾

پیدا کرنے والا | ہر | چیز کا | نہیں | الہ | مگر | وہی | تو کہاں سے | تم بہکائے جاتے ہو | ۴۰:۶۲

كَذَٰلِكَ يُؤْفَكُ ٱلَّذِينَ كَانُوا۟ بِـَٔايَٰتِ ٱللَّهِ يَجْحَدُونَ ﴿٦٣﴾

اسی طرح | پھیرے جاتے ہیں- بہکائے جاتے ہیں | وہ لوگ | جو ہیں | آیات کا | اللہ کی | انکار کرتے ہیں | ۴۰:۶۳

ٱللَّهُ ٱلَّذِي جَعَلَ لَكُمُ ٱلْأَرْضَ قَرَارًا وَٱلسَّمَآءَ بِنَآءً

اللہ | وہ ذات ہے | جس نے بنایا | تمہارے لئے | زمین کو | قرار | اور آسمان کو | چھت

وَصَوَّرَكُمْ فَأَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَرَزَقَكُم مِّنَ

اور صورت بنائی تمہاری | تو اچھی بنائی | صورتیں تمہاری | اور رزق دیا تم کو | سے

ٱلطَّيِّبَٰتِ ۚ ذَٰلِكُمُ ٱللَّهُ رَبُّكُمْ ۖ فَتَبَارَكَ ٱللَّهُ رَبُّ

پاکیزہ چیزوں میں (سے) | یہ ہے | اللہ | رب تمہارا | پس بابرکت ہے | اللہ | جو رب ہے

ٱلْعَٰلَمِينَ ﴿٦٤﴾ هُوَ ٱلْحَيُّ لَآ إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ فَٱدْعُوهُ مُخْلِصِينَ

تمام جہانوں کا | ۴۰:۶۴ | وہ | زندہ ہے | نہیں | کوئی معبود برحق | مگر | وہی | پس پکارو اس کو | خالص کرتے ہوئے

لَهُ ٱلدِّينَ ۗ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَٰلَمِينَ ﴿٦٥﴾ ۞ قُلْ إِنِّي

۱/۴ الحزب ۴۸

اسی کے لئے | دین کو | سب تعریف | اللہ کے لئے ہے | جو رب ہے | تمام جہانوں کا | ۴۰:۶۵ | کہہ دیجئے | بیشک میں

نُهِيتُ أَنْ أَعْبُدَ ٱلَّذِينَ تَدْعُونَ مِن دُونِ ٱللَّهِ لَمَّا جَآءَنِيَ

میں روکا گیا ہوں | کہ | میں عبادت کروں | ان ہستیوں کی | جنہیں تم پکارتے ہو | علاوہ | اللہ کے | جبکہ- اس بناء پر کہ | آگئیں میرے پاس

ٱلْبَيِّنَٰتُ مِن رَّبِّي وَأُمِرْتُ أَنْ أُسْلِمَ لِرَبِّ ٱلْعَٰلَمِينَ ﴿٦٦﴾

کھلی نشانیاں | سے | میرے رب کی طرف سے | اور مجھے حکم دیا گیا ہے | کہ | میں اسلام لاؤں | رب کے لئے | سارے جہانوں کے | ۴۰:۶۶

---

۵۹. قیامت بالیقین اور بلاشبہ آنے والی ہے، لیکن (یہ اور بات ہے کہ) بہت سے لوگ ایمان نہیں لاتے۔

۶۰. اور تمہارے رب کا فرمان (سرزد ہو چکا) ہے کہ مجھ سے دعا کرو میں تمہاری دعاؤں کو قبول کروں گا، یقین مانو کہ جو لوگ میری عبادت سے خود سری کرتے ہیں وہ ابھی ابھی ذلیل ہو کر جہنم پہنچ جائیں گے۔

۶۱. اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے رات بنا دی کہ تم اس میں آرام حاصل کرو اور دن کو دیکھنے والا بنا دیا، بیشک اللہ تعالیٰ لوگوں پر فضل و کرم والا ہے لیکن اکثر لوگ شکر گزاری نہیں کرتے۔

۶۲. یہی اللہ ہے تم سب کا رب ہرچیز کا خالق اس کے سوا کوئی معبود نہیں پھر کہاں تم پھیرے جاتے ہو۔

۶۳. اس طرح وہ لوگ بھی پھیرے جاتے رہے جو اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے تھے۔

۶۴. اللہ ہی ہے جس نے تمہارے لئے زمین کو ٹھہرنے کی جگہ اور آسمان کو چھت بنایا اور تمہاری صورتیں بنائیں اور بہت اچھی بنائیں اور تمہیں عمدہ عمدہ چیزیں کھانے کو عطا فرمائیں، یہی اللہ تمہارا پروردگار ہے، پس بہت برکتوں والا اللہ ہے سارے جہان کا پرورش کرنے والا۔

۶۵. وہ زندہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں پس تم خالص اسی کی عبادت کرتے ہوئے اسے پکارو، تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا رب ہے۔

۶۶. آپ کہہ دیجئے! کہ مجھے ان کی عبادت سے روک دیا گیا ہے جنہیں تم اللہ کے سوا پکار رہے ہو اس بنا پر کہ میرے پاس میرے رب کی دلیلیں پہنچ چکی ہیں، مجھے یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں تمام جہانوں کے رب کا تابع فرمان ہو جاؤں۔

هُوَ الَّذِي خَلَقَكُم مِّن تُرَابٍ ثُمَّ مِن نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ

وہ اللہ | وہ ذات ہے | جس نے پیدا کیا تم کو | سے | مٹی (سے) | پھر | سے | نطفے (سے) | پھر | سے | خون کے لوتھڑے | پھر

يُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوا أَشُدَّكُمْ ثُمَّ لِتَكُونُوا شُيُوخًا

نکالتا ہے تم کو | بچے کی شکل میں | پھر | تاکہ تم پہنچو | اپنی جوانی کو | پھر | تاکہ تم ہوجاؤ | بوڑھے

وَمِنكُم مَّن يُتَوَفَّىٰ مِن قَبْلُ ۖ وَلِتَبْلُغُوا أَجَلًا مُّسَمًّى وَلَعَلَّكُمْ

اور تم میں سے | کوئی | جو فوت کیا جاتا ہے | اس سے پہلے | اور تاکہ تم پہنچو | ایک وقت کو | مقرر | اور تاکہ تم

تَعْقِلُونَ ﴿٦٧﴾ هُوَ الَّذِي يُحْيِي وَيُمِيتُ ۖ فَإِذَا قَضَىٰ أَمْرًا فَإِنَّمَا

تم عقل سے کام لو | ٤٠:٦٧ | وہ اللہ | وہ ذات ہے | وہ زندہ کرتا ہے | اور وہ موت دیتا ہے | پھر جب | وہ فیصلہ کرتا ہے | کسی کام کا | تو بیشک

يَقُولُ لَهُ كُن فَيَكُونُ ﴿٦٨﴾ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ يُجَادِلُونَ

کہتا ہے | اس کو | ہوجاؤ | تو وہ ہوجاتا ہے | ٤٠:٦٨ | کیا نہیں | تم نے دیکھا | طرف | ان لوگوں کی (طرف) | جو جھگڑتے ہیں

فِي آيَاتِ اللَّهِ أَنَّىٰ يُصْرَفُونَ ﴿٦٩﴾ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِالْكِتَابِ

میں | آیات | اللہ کی | کہاں سے | وہ پھرائے جارہے ہیں | ٤٠:٦٩ | وہ لوگ | جنہوں نے جھٹلایا | کتاب کو

وَبِمَا أَرْسَلْنَا بِهِ رُسُلَنَا ۖ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ﴿٧٠﴾ إِذِ الْأَغْلَالُ

اور ساتھ اس کو جو | بھیجا ہم نے | ساتھ اس کے | اپنے رسولوں کو | تو عنقریب | وہ جان لیں گے | ٤٠:٧٠ | جب | طوق ہوں گے

فِي أَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلَاسِلُ يُسْحَبُونَ ﴿٧١﴾ فِي الْحَمِيمِ

میں | ان کی گردنوں (میں) | اور زنجیریں | وہ گھسیٹے جائیں گے | ٤٠:٧١ | میں | کھولتے پانی (میں)

ثُمَّ فِي النَّارِ يُسْجَرُونَ ﴿٧٢﴾ ثُمَّ قِيلَ لَهُمْ أَيْنَ مَا كُنتُمْ

پھر | میں | آگ (میں) | وہ جھونکے جائیں گے | ٤٠:٧٢ | پھر | کہا جائے گا | ان سے | کہاں ہیں | جن کو | تھے تم

تُشْرِكُونَ ﴿٧٣﴾ مِن دُونِ اللَّهِ ۖ قَالُوا ضَلُّوا عَنَّا بَل لَّمْ نَكُن

تم شریک ٹھہراتے | ٤٠:٧٣ | سے | سوا | اللہ کے | وہ کہیں گے | گم ہوگئے | ہم سے | بلکہ | نہ | تھے ہم

نَّدْعُو مِن قَبْلُ شَيْئًا ۚ كَذَٰلِكَ يُضِلُّ اللَّهُ الْكَافِرِينَ ﴿٧٤﴾

ہم پکارا کرتے | اس سے پہلے | کچھ بھی | اسی طرح | بھٹکاتا ہے | اللہ | کافروں کو | ٤٠:٧٤

ذَٰلِكُم بِمَا كُنتُمْ تَفْرَحُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنتُمْ

یہ بات | بوجہ اس کے | جو تھے تم | تم خوش ہوتے | میں | زمین (میں) | بغیر | حق کے - (نا)حق | اور بوجہ اس کے جو | تھے تم

تَمْرَحُونَ ﴿٧٥﴾ ادْخُلُوا أَبْوَابَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا ۖ فَبِئْسَ مَثْوَى

اتراتے تم | ٤٠:٧٥ | داخل ہوجاؤ | دروازوں میں | جہنم کے | ہمیشہ رہنے والے | اس میں | تو کتنا برا ہے | ٹھکانہ

الْمُتَكَبِّرِينَ ﴿٧٦﴾ فَاصْبِرْ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ ۚ فَإِمَّا نُرِيَنَّكَ

تکبر کرنے والوں کا | ٤٠:٧٦ | پس صبر کیجئے | بیشک | وعدہ | اللہ کا | سچا ہے | پھر اگر | ہم دکھائیں آپ کو

بَعْضَ الَّذِي نَعِدُهُمْ أَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَإِلَيْنَا يُرْجَعُونَ ﴿٧٧﴾

بعض | وہ چیز | ہم ڈرا رہے ہیں ان کو جس سے | یا | ہم فوت کردیں آپ کو | تو ہماری طرف ہی | وہ سب لوٹائے جائیں گے | ٤٠:٧٧

٦٧. وہ وہی ہے جس نے تمہیں مٹی سے پھر نطفے سے پھر خون کے لوتھڑے سے پیدا کیا پھر تمہیں بچہ کی صورت میں نکالتا ہے، پھر (تمہیں بڑھاتا ہے کہ) تم اپنی پوری قوت کو پہنچ جاؤ پھر بوڑھے ہو جاؤ، تم میں سے بعض اس سے پہلے ہی فوت ہو جاتے ہیں (وہ تمہیں چھوڑ دیتا ہے) تاکہ تم مدت معین تک پہنچ جاؤ اور تاکہ تم سوچ سمجھ لو۔

٦٨. وہی ہے جو جلاتا ہے اور مار ڈالتا ہے پھر وہ جب کسی کام کا کرنا مقرر کرتا ہے تو اسے صرف کہتا ہے ہو جا پس وہ ہو جاتا ہے۔

٦٩. کیا تو نے نہیں دیکھا جو اللہ کی آیتوں میں جھگڑتے ہیں وہ کہاں پھیر دئیے جاتے ہیں۔

٧٠. جن لوگوں نے کتاب کو جھٹلایا اور اسے بھی جو ہم نے اپنے رسولوں کے ساتھ بھیجا انہیں ابھی ابھی حقیقت حال معلوم ہو جائے گی۔

٧١. جب ان کی گردنوں میں طوق ہونگے اور زنجیریں ہوں گی گھسیٹے جائیں گے۔

٧٢. کھولتے ہوئے پانی میں اور پھر جہنم کی آگ میں جلائے جائیں گے۔

٧٣. پھر ان سے پوچھا جائے گا کہ جنہیں تم شریک کرتے تھے وہ کہاں ہیں؟

٧٤. جو اللہ کے سوا تھے وہ کہیں گے کہ وہ تو ہم سے بہک گئے بلکہ ہم تو اس سے پہلے کسی کو بھی پکارتے ہی نہ تھے، اللہ تعالیٰ کافروں کو اسی طرح گمراہ کرتا ہے۔

٧٥. یہ بدلہ ہے اس چیز کا جو تم زمین میں ناحق پھولے نہ سماتے تھے۔ اور بے جا اتراتے پھرتے تھے۔

٧٦. اب داخل ہوجاؤ جہنم میں ہمیشہ رہنے والے ہوکر (اس کے) دروازوں میں داخل ہو جاؤ کیا ہی بری جگہ ہے تکبر کرنے والوں کی۔

٧٧. پس آپ صبر کریں اللہ کا وعدہ قطعًا سچا ہے انہیں ہم نے جو وعدے دے رکھے ہیں ان میں سے کچھ ہم کو دکھائیں یا (اس سے پہلے) ہم آپ کو وفات دے دیں، ان کا لوٹایا جانا تو ہماری ہی طرف ہے۔

وَلَقَدۡ أَرۡسَلۡنَا رُسُلٗا مِّن قَبۡلِكَ مِنۡهُم مَّن قَصَصۡنَا عَلَيۡكَ
اور البتہ تحقیق | بھیجے ہم نے | کئی رسول | آپ سے پہلے | ان میں سے بعض ایسے ہیں | جن کو | بیان کیا ہم نے | آپ پر

وَمِنۡهُم مَّن لَّمۡ نَقۡصُصۡ عَلَيۡكَۗ وَمَا كَانَ لِرَسُولٍ أَن يَأۡتِيَ
اور ان میں سے بعض ایسے ہیں | جن کو | نہیں | ہم نے بیان کیا | آپ پر | اور نہ | تھا | (اختیار) کسی رسول کے لئے | کہ | لے آتا

بِـَٔايَةٍ إِلَّا بِإِذۡنِ ٱللَّهِۚ فَإِذَا جَآءَ أَمۡرُ ٱللَّهِ قُضِيَ بِٱلۡحَقِّ وَخَسِرَ
کوئی نشانی | مگر | ساتھ اذن سے | اللہ کے | پھر جب | آگیا | حکم | اللہ کا | فیصلہ کردیا گیا | ساتھ حق کے | اور خسارے میں پڑگئے

هُنَالِكَ ٱلۡمُبۡطِلُونَ ﴿٧٨﴾ ٱللَّهُ ٱلَّذِي جَعَلَ لَكُمُ ٱلۡأَنۡعَٰمَ
وہاں | غلط کار | ۴۰:۷۸ | اللہ | وہ ذات ہے | جس نے بنائے | تمہارے لئے | مویشی

لِتَرۡكَبُواْ مِنۡهَا وَمِنۡهَا تَأۡكُلُونَ ﴿٧٩﴾ وَلَكُمۡ فِيهَا مَنَٰفِعُ
تاکہ تم سواری کرو | ان میں سے (بعض پر) | اور ان میں سے | تم کھاتے ہو | ۴۰:۷۹ | اور تمہارے لئے | ان میں | کچھ فائدے ہیں

وَلِتَبۡلُغُواْ عَلَيۡهَا حَاجَةٗ فِي صُدُورِكُمۡ وَعَلَيۡهَا وَعَلَى
اور تاکہ تم پہنچو | ان پر | حاجت کو | میں | جو تمہارے سینوں میں ہے - دلوں میں ہے | اور ان پر | اور پر

ٱلۡفُلۡكِ تُحۡمَلُونَ ﴿٨٠﴾ وَيُرِيكُمۡ ءَايَٰتِهِۦ فَأَيَّ ءَايَٰتِ ٱللَّهِ
کشتیوں (پر) | تم سوار کیے جاتے ہو | ۴۰:۸۰ | اور وہ دکھاتا ہے تم کو | اپنی نشانیاں | پس کون سی | نشانیوں کا | اللہ کی

تُنكِرُونَ ﴿٨١﴾ أَفَلَمۡ يَسِيرُواْ فِي ٱلۡأَرۡضِ فَيَنظُرُواْ كَيۡفَ
تم انکار کرو گے | ۴۰:۸۱ | کیا بھلا نہیں | وہ چلے پھرے | میں | زمین (میں) | تو وہ دیکھتے | کس طرح

كَانَ عَٰقِبَةُ ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِهِمۡۚ كَانُوٓاْ أَكۡثَرَ مِنۡهُمۡ وَأَشَدَّ
ہوا | انجام | ان لوگوں کا | جو ان سے پہلے تھے | تھے وہ | اکثر لوگ | ان سے | اور زیادہ شدید

قُوَّةٗ وَءَاثَارٗا فِي ٱلۡأَرۡضِ فَمَآ أَغۡنَىٰ عَنۡهُم مَّا كَانُواْ يَكۡسِبُونَ
قوت میں | اور آثار کے اعتبار سے | میں | زمین (میں) | پس نہ | کام آیا | ان کو | جو کچھ | تھے وہ | وہ کمائی کرتے

﴿٨٢﴾ فَلَمَّا جَآءَتۡهُمۡ رُسُلُهُم بِٱلۡبَيِّنَٰتِ فَرِحُواْ بِمَا عِندَهُم مِّنَ
۴۰:۸۲ | تو جب | آئے ان کے پاس | رسولوں نے | ساتھ روشن دلائل کے | تو وہ خوش ہوئے | ساتھ اس کے جو | ان کے پاس تھا | سے

ٱلۡعِلۡمِ وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُواْ بِهِۦ يَسۡتَهۡزِءُونَ ﴿٨٣﴾ فَلَمَّا رَأَوۡاْ
علم میں (سے) | اور گھیر لیا | ان کو | جو | تھے وہ | اس کا | وہ مذاق اڑاتے | ۴۰:۸۳ | پھر جب | انہوں نے دیکھا

بَأۡسَنَا قَالُوٓاْ ءَامَنَّا بِٱللَّهِ وَحۡدَهُۥ وَكَفَرۡنَا بِمَا كُنَّا بِهِۦ
ہمارا عذاب | انہوں نے کہا | ہم ایمان لائے | اللہ پر | ایک ہی | اور کفر کیا ہم نے | ساتھ اس کے جو | تھے ہم | ساتھ اس کے

مُشۡرِكِينَ ﴿٨٤﴾ فَلَمۡ يَكُ يَنفَعُهُمۡ إِيمَٰنُهُمۡ لَمَّا رَأَوۡاْ بَأۡسَنَاۖ سُنَّتَ
شرک کرنے والے | ۴۰:۸۴ | پس نہ | تھا | ان کو نفع کیا | ان کے ایمان نے | جب | انہوں نے دیکھا | عذاب ہمارا | سنت

ٱللَّهِ ٱلَّتِي قَدۡ خَلَتۡ فِي عِبَادِهِۦۖ وَخَسِرَ هُنَالِكَ ٱلۡكَٰفِرُونَ ﴿٨٥﴾
(طریقہ) اللہ کی / اللہ کا | وہ جو | تحقیق | گزر چکا | میں | اس کے بندوں میں | اور نقصان اٹھایا | اس جگہ | کافروں نے | ۴۰:۸۵

۷۸. یقیناً ہم آپ سے پہلے بھی بہت سے رسول بھیج چکے ہیں جن میں سے بعض کے (واقعات) ہم آپ کو بیان کر چکے ہیں اور ان میں سے بعض کے (قصے) تو ہم نے آپ کو بیان ہی نہیں کئے، اور کسی رسول کا یہ (مقدور) نہ تھا کہ کوئی معجزہ اللہ کی اجازت کے بغیر لا سکے، پھر جس وقت اللہ کا حکم آئے گا حق کے ساتھ فیصلہ کر دیا جائے گا اور اس جگہ اہل باطن خسارے میں رہ جائیں گے۔

۷۹. اللہ وہ ہے جس نے تمہارے لئے چوپائے پیدا کئے جن میں سے بعض پر تم سوار ہوتے ہو اور بعض کو تم کھاتے ہو۔

۸۰. اور بھی تمہارے لئے ان میں بہت سے نفع ہیں اور تاکہ اپنے سینوں میں چھپی ہوئی حاجتوں کو انہی پر سواری کرکے تم حاصل کر لو اور ان چوپایوں پر اور کشتیوں پر سوار کئے جاتے ہو۔

۸۱. اللہ تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا جا رہا ہے پس تم اللہ کی کن کن نشانیوں کا منکر بنتے رہو گے۔

۸۲. کیا انہوں نے زمین میں چل پھر کر اپنے سے پہلوں کا انجام نہیں دیکھا جو ان سے تعداد میں زیادہ تھے قوت میں سخت اور زمین میں بہت ساری یادگاریں چھوڑی تھیں ان کے کئے کاموں نے انہیں کچھ بھی فائدہ نہ پہنچایا۔

۸۳. پس جب کبھی ان کے پاس ان کے رسول کھلی نشانیاں لے کر آئے تو یہ اپنے پاس کے علم پر اترانے لگے، بالآخر جس چیز کو مذاق میں اڑا رہے تھے وہی ان پر الٹ پڑی۔

۸۴. ہمارا عذاب دیکھتے ہی کہنے لگے کہ اللہ واحد پر ہم ایمان لائے اور جن جن کو ہم شریک بنا رہے تھے ہم نے ان سب سے انکار کیا۔

۸۵. لیکن ہمارے عذاب کو دیکھ لینے کے بعد ان کے ایمان نے انہیں نفع نہ دیا۔ اللہ نے اپنا معمول یہی مقرر کر رکھا ہے جو اس کے بندوں میں برابر چلا آرہا ہے، اور اس جگہ کافر خراب و خستہ ہوئے۔

سُورَةُ فُصِّلَتْ

٤١ | ٥٤

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

شروع کرتا ہوں میں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

حمٓ ۝١ تَنزِيلٌ مِّنَ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ ۝٢ كِتَٰبٌ فُصِّلَتْ ءَايَٰتُهُۥ

حم | ۴۱:۱ | نازل کردہ ہے - اتاری ہوئی ہے | سے | رحمن | رحیم کی طرف سے | ۴۱:۲ | ایک کتاب ہے | کھول کر بیان کی گئی ہیں | اس کی آیات

قُرْءَانًا عَرَبِيًّا لِّقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ۝٣ بَشِيرًا وَنَذِيرًا فَأَعْرَضَ أَكْثَرُهُمْ

قرآن ہے | عربی | ایک قوم کے لئے | جو علم رکھتی ہے | ۴۱:۳ | خوشخبری دینے والا | اور ڈرانے والا - خبردار کرنے والا | تو روگردانی کی | ان میں سے اکثر نے

فَهُمْ لَا يَسْمَعُونَ ۝٤ وَقَالُوا۟ قُلُوبُنَا فِىٓ أَكِنَّةٍ مِّمَّا تَدْعُونَآ إِلَيْهِ

پس وہ | نہیں | سنتے ہیں | ۴۱:۴ | اور وہ کہتے ہیں | دل ہمارے | میں | پردے میں ہیں | اس سے | جو تم پکارتے ہو ہم کو | طرف اس کے

وَفِىٓ ءَاذَانِنَا وَقْرٌ وَمِنۢ بَيْنِنَا وَبَيْنِكَ حِجَابٌ فَٱعْمَلْ إِنَّنَا عَٰمِلُونَ

اور میں | ہمارے کانوں | گرانی ہے | اور ہمارے درمیان | اور تمہارے درمیان | ایک پردہ ہے - حجاب ہے | پس عمل کرو | بیشک ہم | عمل کرنے والے ہیں

۝٥ قُلْ إِنَّمَآ أَنَا۠ بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوحَىٰٓ إِلَىَّ أَنَّمَآ إِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَٰحِدٌ

۴۱:۵ | کہہ دیجئے | بیشک میں | میں | ایک انسان ہوں | تمہاری مانند | وحی کی جاتی ہے | میری طرف | بیشک | الہ تمہارا | الہ | ایک ہی ہے

فَٱسْتَقِيمُوٓا۟ إِلَيْهِ وَٱسْتَغْفِرُوهُ ۗ وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِينَ ۝٦ ٱلَّذِينَ

تو سیدھے چلو | اس کی طرف | اور بخشش مانگو اس سے | اور ہلاکت ہے | مشرکوں کے لئے | ۴۱:۶ | وہ لوگ

لَا يُؤْتُونَ ٱلزَّكَوٰةَ وَهُم بِٱلْءَاخِرَةِ هُمْ كَٰفِرُونَ ۝٧ إِنَّ ٱلَّذِينَ

جو نہیں | ادا کرتے | زکوۃ | اور وہ | آخرت پر | وہ | انکاری ہیں | ۴۱:۷ | بیشک | وہ لوگ

٢/٤ الحزب ٤٨

ءَامَنُوا۟ وَعَمِلُوا۟ ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ ۝٨ قُلْ أَئِنَّكُمْ

جو ایمان لائے | اور انہوں نے عمل کیے | اچھے | ان کے لئے | اجر ہے | نہ | ختم ہونے والا | ۴۱:۸ | کہہ دیجئے | کیا بیشک تم

لَتَكْفُرُونَ بِٱلَّذِى خَلَقَ ٱلْأَرْضَ فِى يَوْمَيْنِ وَتَجْعَلُونَ لَهُۥٓ أَندَادًا ۚ

البتہ تم کفر کرتے ہو | ساتھ اس ہستی کے | جس نے پیدا کیا | زمین کو | میں | دو دنوں میں | اور تم بناتے ہو | اس کے لئے | شریک

ذَٰلِكَ رَبُّ ٱلْعَٰلَمِينَ ۝٩ وَجَعَلَ فِيهَا رَوَٰسِىَ مِن فَوْقِهَا

یہ | (ہے) رب | تمام جہانوں کا | ۴۱:۹ | اور اس نے بنائے | اس میں | پہاڑ | سے | اس کے اوپر (سے)

وَبَٰرَكَ فِيهَا وَقَدَّرَ فِيهَآ أَقْوَٰتَهَا فِىٓ أَرْبَعَةِ أَيَّامٍ سَوَآءً

اور برکت ڈالی | اس میں | اور مقدر کی - اندازے سے رکھیں | اس میں | اس کی پیداوار - اس کی خوراک | میں | چار | دنوں (میں) | برابر ہے

لِّلسَّآئِلِينَ ۝١٠ ثُمَّ ٱسْتَوَىٰٓ إِلَى ٱلسَّمَآءِ وَهِىَ دُخَانٌ فَقَالَ

سوال کرنے والوں کے لئے - ضرورت مندوں کے لئے | ۴۱:۱۰ | پھر | متوجہ ہوا | طرف | آسمان کی | اور وہ | دھواں تھا | تو اس نے کہا

لَهَا وَلِلْأَرْضِ ٱئْتِيَا طَوْعًا أَوْ كَرْهًا قَالَتَآ أَتَيْنَا طَآئِعِينَ ۝١١

اس سے | اور زمین سے | دونوں آجاؤ | خوشی سے | یا | ناخوشی سے - مجبوری سے | دونوں نے کہا | ہم آگئے | فرمانبردار ہو کر | ۴۱:۱۱

سورۃ فُصِّلَت
مکہ
سورہ نمبر: ٤١ آیات: ٥٤

١. حم

٢. اتاری ہوئی ہے بڑے مہربان بہت رحم والے کی طرف سے۔

٣. ایسی کتاب جس کی آیتوں کی واضح تفصیل کی گئی ہے (اس حال میں کہ) قرآن عربی زبان میں ہے اس قوم کے لئے جو جانتی ہے

٤. خوشخبری سنانے والا اور ڈرانے والا ہے پھر بھی ان کی اکثریت نے منہ پھیر لیا اور وہ سنتے ہی نہیں۔

٥. اور انہوں نے کہا کہ تو جس کی طرف ہمیں بلا رہا ہے ہمارے دل تو اس سے پردے میں ہیں اور ہمارے کانوں میں گرانی ہے اور ہم میں اور تجھ میں ایک حجاب ہے، اچھا تو اب اپنا کام کئے جا ہم بھی یقیناً کام کرنے والے ہیں

٦. آپ کہہ دیجئے! کہ میں تم ہی جیسا انسان ہوں مجھ پر وحی نازل کی جاتی ہے کہ تم سب کا معبود ایک اللہ ہی ہے سو تم اس کی طرف متوجہ ہو جاؤ اور اس سے گناہوں کی معافی چاہو، اور ان مشرکوں کے لئے (بڑی ہی) خرابی ہے۔

٧. جو زکوۃ نہیں دیتے اور آخرت کے بھی منکر ہی رہتے ہیں۔

٨. بیشک جو لوگ ایمان لائیں اور بھلے کام کریں ان کے لئے نہ ختم ہونے والا اجر ہے۔

٩. آپ کہہ دیجئے! کہ تم اس اللہ کا انکار کرتے ہو اور تم اس کے شریک مقرر کرتے ہو جس نے دو دن میں زمین پیدا کر دی، سارے جہانوں کا پروردگار وہی ہے۔

١٠. اور اس نے زمین میں اس کے اوپر سے پہاڑ گاڑ دیئے اور اس میں برکت رکھ دی اور اس میں (رہنے والوں) کی غذاؤں کی تجویز بھی اسی میں کر دی (صرف) چار دن میں، ضرورت مندوں کے لئے یکساں طور پر۔

١١. پھر آسمانوں کی طرف متوجہ ہوا اور وہ دھواں (سا) تھا پس اسے اور زمین سے فرمایا کہ تم دونوں خوشی سے آؤ یا ناخوشی سے دونوں نے عرض کیا بخوشی حاضر ہیں۔

فَقَضٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوَاتٍ فِي يَوْمَيْنِ وَأَوْحٰى فِي كُلِّ سَمَآءٍ أَمْرَهَا ۚ
تو اس نے مقرر کیا ان کو | سات | آسمان | میں | دو دنوں (میں) | اور وحی کردیا | میں | ہر | آسمان (میں) | کام اس کا

وَزَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيحَ ۖ وَحِفْظًا ۚ ذٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ
اور خوبصورت بنایا ہم نے | آسمان | دنیا کو | ساتھ چراغوں کے | اور حفاظت کے لئے | یہ | اندازہ ہے | غالب

الْعَلِيمِ ﴿١٢﴾ فَإِنْ أَعْرَضُوا فَقُلْ أَنذَرْتُكُمْ صٰعِقَةً مِّثْلَ صٰعِقَةِ
علم والے کا | ٤١:١٢ | پھر اگر | وہ منہ موڑتے ہیں | تو کہہ دیجئے | میں ڈراتا ہوں تم کو | عذاب سے | مانند | عذاب کے

عَادٍ وَثَمُودَ ﴿١٣﴾ إِذْ جَآءَتْهُمُ الرُّسُلُ مِنۢ بَيْنِ أَيْدِيهِمْ وَمِنْ
قوم عاد کے | اور ثمود کے | ٤١:١٣ | جب | آئے ان کے پاس | کئی رسول | سے | ان کے آگے سے | اور سے

خَلْفِهِمْ أَلَّا تَعْبُدُوٓا إِلَّا اللَّهَ ۖ قَالُوا لَوْ شَآءَ رَبُّنَا لَأَنزَلَ مَلٰٓئِكَةً
ان کے پیچھے (سے) | کہ نہ | تم عبادت کرو | مگر | اللہ کی | انہوں نے کہا | اگر | چاہتا | رب ہمارا | البتہ اتار دیتا | فرشتے

فَإِنَّا بِمَآ أُرْسِلْتُم بِهِۦ كٰفِرُونَ ﴿١٤﴾ فَأَمَّا عَادٌ فَاسْتَكْبَرُوا فِي
تو بیشک ہم | اس کے ساتھ جو | بھیجے گئے ہو تم | اس پر | انکاری ہیں | ٤١:١٤ | تو رہے | عاد | پس انہوں نے تکبر کیا | میں

الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَقَالُوا مَنْ أَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً ۖ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللَّهَ
زمین (میں) | بغیر | حق کے (نا) حق | اور انہوں نے کہا | کون | زیادہ شدید ہوسکتا ہے | ہم سے | قوت میں | کیا نہیں | انہوں نے دیکھا | بیشک | اللہ تعالیٰ

الَّذِي خَلَقَهُمْ هُوَ أَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً ۖ وَكَانُوا بِآيٰتِنَا يَجْحَدُونَ
وہ ذات ہے | جس نے پیدا کیا ان کو | وہ | زیادہ شدید ہے | ان سے | قوت میں | اور تھے وہ | ہماری آیات کا | وہ انکار کرتے

﴿١٥﴾ فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحًا صَرْصَرًا فِيٓ أَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ لِّنُذِيقَهُمْ
٤١:١٥ | تو بھیجا ہم نے | ان پر | ایک ہوا کو | تند۔تیز | میں | دنوں | منحوس | تاکہ ہم چکھائیں ان کو

عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۖ وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ أَخْزٰى ۖ وَهُمْ
عذاب | رسوائی کا | میں | زندگی (میں) | دنیا کی | اور البتہ عذاب | آخرت کا | زیادہ رسوا کن ہے | اور وہ

لَا يُنصَرُونَ ﴿١٦﴾ وَأَمَّا ثَمُودُ فَهَدَيْنٰهُمْ فَاسْتَحَبُّوا الْعَمٰى عَلَى
نہ | مدد دیئے جائیں گے | ٤١:١٦ | اور رہے | ثمود | تو ہم نے ہدایت دی ان کو | تو انہوں نے ترجیح دی | اندھے پن کو | پر

الْهُدٰى فَأَخَذَتْهُمْ صٰعِقَةُ الْعَذَابِ الْهُونِ بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ
ہدایت (پر) | تو پکڑ لیا ان کو | چنگھاڑ نے | عذاب کی | رسوا کن۔ ذلت کی | بوجہ اس کے جو | تھے وہ | وہ کمائی کرتے

﴿١٧﴾ وَنَجَّيْنَا الَّذِينَ ءَامَنُوا وَكَانُوا يَتَّقُونَ ﴿١٨﴾ وَيَوْمَ يُحْشَرُ أَعْدَآءُ اللَّهِ
٤١:١٧ | اور نجات دی ہم نے | ان لوگوں کو | جو ایمان لائے | اور تھے وہ | وہ تقوی اختیار کرتے | ٤١:١٨ | اور جس دن | اکٹھے کیے جائیں گے | دشمن | اللہ کے

إِلَى النَّارِ فَهُمْ يُوزَعُونَ ﴿١٩﴾ حَتّٰىٓ إِذَا مَا جَآءُوهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ
طرف | آگ کی | تو وہ | جمع کیے جائیں گے | ٤١:١٩ | یہاں تک کہ | جب وہ | اس کے پاس آجائیں گے | گواہی دیں گے | ان کے خلاف

سَمْعُهُمْ وَأَبْصَارُهُمْ وَجُلُودُهُم بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٢٠﴾
ان کے کان | اور ان کی نگاہیں | اور ان کی کھالیں | اس کے بارے میں | تھے وہ | وہ عمل کرتے | ٤١:٢٠

۱۲. پس دو دن میں سات آسمان بنا دیئے اور ہر آسمان میں اس کے مناسب احکام کی وحی بھیج دی اور ہم نے آسمان دنیا کو چراغوں سے زینت دی اور نگہبانی کی، یہ تدبیر اللہ غالب و دانا کی ہے۔

۱۳. اب یہ روگردان ہوں تو کہہ دیجئے! کہ میں تمہیں اس کڑک (عذاب آسمانی) سے اتارتا ہوں جو مثل عادیوں اور ثمودیوں کی کڑک کے ہوگی۔

۱۴. ان کے پاس جب ان کے آگے پیچھے سے پیغمبر آئے کہ تم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو تو انہوں نے جواب دیا کہ اگر ہمارا پروردگار چاہتا تو فرشتوں کو بھیجتا۔ ہم تو تمہاری رسالت کے بالکل منکر ہیں۔

۱۵. اب قوم عاد نے تو بےوجہ زمین میں سرکشی شروع کردی اور کہنے لگے ہم سے زور آور کون ہے؟ کیا انہیں یہ نظر نہ آیا کہ جس نے اسے پیدا کیا وہ ان سے (بہت ہی) زیادہ زور آور ہے، وہ (آخر تک) ہماری آیتوں کا انکار ہی کرتے رہے۔

۱۶. بالآخر ہم نے ان پر ایک تیز تند آندھی منحوس دنوں میں بھیج دی کہ انہیں دنیاوی زندگی میں ذلت کے عذاب کا مزہ چکھا دیں، اور (یقین مانو) کہ آخرت کا عذاب اس سے بہت زیادہ رسوائی والا اور وہ مدد نہیں کئے جائیں گے۔

۱۷. رہے قوم ثمود، سو ہم نے ان کی بھی راہبری کی، پھر بھی انہوں نے ہدایت پر اندھے پن کو ترجیح دی جس بنا پر انہیں (سراپا) ذلت کے عذاب کی کڑک نے ان کے کرتوتوں کے باعث پکڑ لیا۔

۱۸. اور (ہاں) ایمان دار اور پارساؤں کو ہم نے (بال بال) بچا لیا۔

۱۹. اور جس دن اللہ کے دشمن دوزخ کی طرف لائے جائیں گے اور ان (سب) کو جمع کر دیا جائے گا۔

۲۰. یہاں تک کہ جب بالکل جہنم کے پاس آجائیں گے ان پر ان کے کان اور ان کی آنکھیں اور ان کی کھالیں ان کے اعمال کی گواہی دیں گی۔

وَقَالُوا لِجُلُودِهِمْ لِمَ شَهِدتُّمْ عَلَيْنَا ۖ قَالُوا أَنطَقَنَا اللَّهُ الَّذِي
اور وہ کہیں گے | اپنی کھالوں کو | کیوں | تم نے گواہی دی | ہمارے خلاف | وہ کہیں گے | بلوایا ہم کو | اللہ نے | وہ ذات

أَنطَقَ كُلَّ شَيْءٍ وَهُوَ خَلَقَكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿٢١﴾
جس نے بلوایا | ہر | چیز کو | اور وہی ہے | اس نے پیدا کیا تم کو | پہلی | بار | اور اسی کی طرف | تم لوٹائے جاؤ گے | ٤١:٢١

وَمَا كُنتُمْ تَسْتَتِرُونَ أَن يَشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَا أَبْصَارُكُمْ
اور نہ | تھے تم | چھپ سکتے | (اس بات سے) کہ | گواہی دیتے | تم پر - تمہارے خلاف | کان تمہارے | اور نہ | تمہاری نگاہیں

وَلَا جُلُودُكُمْ وَلَٰكِن ظَنَنتُمْ أَنَّ اللَّهَ لَا يَعْلَمُ كَثِيرًا مِّمَّا تَعْمَلُونَ
اور نہ | تمہاری کھالیں | لیکن | گمان کیا تم نے | بیشک اللہ تعالیٰ | نہیں | جانتا | بہت کچھ | اس میں سے جو | تم عمل کرتے ہو

﴿٢٢﴾ وَذَٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِي ظَنَنتُم بِرَبِّكُمْ أَرْدَاكُمْ فَأَصْبَحْتُم
٤١:٢٢ | اور یہ | گمان ہے تمہارا | وہ جو | گمان کیا تم نے | اپنے رب کے ساتھ | اس نے ہلاک کیا تم کو | تو ہوگئے تم

مِّنَ الْخَاسِرِينَ ﴿٢٣﴾ فَإِن يَصْبِرُوا فَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ۖ وَإِن يَسْتَعْتِبُوا
سے | خسارہ پانے والوں میں (سے) | ٤١:٢٣ | پھر اگر | وہ صبر کریں | تو آگ | ٹھکانہ ہے | ان کے لئے | اور اگر | وہ توبہ کریں گے- عذر پیش کریں گے

فَمَا هُم مِّنَ الْمُعْتَبِينَ ﴿٢٤﴾ ۞ وَقَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَاءَ فَزَيَّنُوا لَهُم
تو نہیں | وہ | سے | وہ عذر قبول کیے جانے والوں میں س(ے) | ٤١:٢٤ | اور مقرر کیے ہم نے | ان کے لئے | ساتھیوں کو | توانہوں نے خوش نما بنا دیئے | ان کے لئے

٣/٤ الحزب ٤٨

مَّا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِي أُمَمٍ قَدْ
جو کچھ | درمیان | ان کے ہاتھوں کے (ان کے سامنے) | اور جو کچھ | ان کے پیچھے تھے | اور حق ہوگئی | ان پر | بات | میں | گروہوں (میں) | تحقیق

خَلَتْ مِن قَبْلِهِم مِّنَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ ۖ إِنَّهُمْ كَانُوا خَاسِرِينَ ﴿٢٥﴾
گزر چکے | ان سے پہلے | سے | جنوں میں (سے) | اور انسانوں میں سے | بیشک وہ | تھے وہ | خسارہ پانے والے | ٤١:٢٥

وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لَا تَسْمَعُوا لِهَٰذَا الْقُرْآنِ وَالْغَوْا فِيهِ
اور کہا | ان لوگوں نے | جنہوں نے کفر کیا | نہ | تم سنو | اس | قرآن کو | اور بے ہودہ گوئی کرو | اس میں

لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُونَ ﴿٢٦﴾ فَلَنُذِيقَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا عَذَابًا شَدِيدًا
تاکہ تم | تم غالب آجاؤ | ٤١:٢٦ | پس البتہ ہم ضرور چکھائیں گے | ان لوگوں کو | جنہوں نے کفر کیا | عذاب | سخت

وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ أَسْوَأَ الَّذِي كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٢٧﴾ ذَٰلِكَ جَزَاءُ أَعْدَاءِ اللَّهِ
اور البتہ ہم ضرور جزا دیں گے ان کو | بدترین | اس چیز کی | جو تھے | وہ عمل کرتے | ٤١:٢٧ | یہ | بدلہ ہے | دشمنوں کا | اللہ کے

النَّارُ ۖ لَهُمْ فِيهَا دَارُ الْخُلْدِ ۖ جَزَاءً بِمَا كَانُوا بِآيَاتِنَا يَجْحَدُونَ
آگ | ان کے لئے | اس میں | گھر ہے | ہمیشگی کا | بدلہ ہے | بوجہ اس کے جو | تھے وہ | ہماری آیات کے ساتھ | وہ انکار کرتے

﴿٢٨﴾ وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا رَبَّنَا أَرِنَا الَّذَيْنِ أَضَلَّانَا مِنَ الْجِنِّ
٤١:٢٨ | اور کہیں گے | وہ لوگ | جنہوں نے کفر کیا | اے ہمارے رب | دکھا ہم کو | ان لوگوں کو | جن دونے بھٹکایا ہم کو | سے | جنوں میں (سے)

وَالْإِنسِ نَجْعَلْهُمَا تَحْتَ أَقْدَامِنَا لِيَكُونَا مِنَ الْأَسْفَلِينَ ﴿٢٩﴾
اور انسانوں میں (سے) | ہم کردیں ان دونوں کو | نیچے | اپنے قدموں کے | تاکہ وہ دونوں ہوجائیں | سے | سب سے نچلوں میں (سے) | ٤١:٢٩

٢١. یہ اپنی کھالوں سے کہیں گے کہ تم نے ہمارے خلاف شہادت کیوں دی ؟ وہ جواب دیں گی ہمیں اس اللہ نے قوت گویائی عطا فرمائی جس نے ہرچیز کو بولنے کی طاقت بخشی ہے ، اسی نے تمہیں اول مرتبہ پیدا کیا اور اسی کی طرف تم سب لوٹائے جاؤ گے ۔

٢٢. اور تم (اپنی بد اعمالیوں) اس وجہ سے پوشیدہ رکھتے ہی نہ تھے کہ تم پر تمہارے کان اور تمہاری آنکھیں اور تمہاری کھالیں گواہی دیں گی ہاں تم یہ سمجھتے رہے کہ تم جو کچھ کر رہے ہو اس میں سے بہت سے اعمال سے اللہ بے خبر ہے ۔

٢٣. تمہاری اس بد گمانی نے جو تم نے اپنے رب سے کر رکھی تھی تمہیں ہلاک کر دیا اور بالآخر تم زیاں کاروں میں ہوگئے ۔

٢٤. اب اگر یہ صبر کریں تو بھی ان کا ٹھکانا جہنم ہی ہے ۔ اور اگر یہ (عذر و) معافی کے خواستگار ہوں تو بھی معذور و) معاف نہیں رکھے جائیں گے ۔

٢٥. اور ہم نے ان کے کچھ ہم نشین مقرر کر رکھے تھے جنہوں نے ان کے اگلے پچھلے اعمال ان کی نگاہوں میں خوبصورت بنا رکھے تھے اور ان کے حق میں بھی اللہ کا قول امتوں کے ساتھ پورا ہوا جو ان سے پہلے جنوں اور انسانوں کی گزر چکی ہیں ۔ یقیناً وہ زیاں کار ثابت ہوئے ۔

٢٦. اور کافروں نے کہا اس قرآن کی سنو ہی مت (اس کے پڑھے جانے کے وقت) اور بے ہودہ گوئی کرو تاکہ تم غالب آجاؤ ۔

٢٧. پس یقیناً ہم ان کافروں کو سخت عذاب کا مزہ چکھائیں گے ۔ اور انہیں ان کے بدترین اعمال کا بدلہ (ضرور) ضرور دیں گے ۔

٢٨. اللہ کے دشمنوں کی سزا یہی دوزخ کی آگ ہے جس میں ان کا ہمیشگی کا گھر ہے (یہ) بدلہ ہے ہماری آیتوں سے انکار کرنے کا ۔

٢٩. اور کافر لوگ کہیں گے اے ہمارے رب! ہمیں جنوں انسانوں (کے وہ دونوں فریق) دکھا جنہوں نے ہمیں گمراہ کیا ہے (تاکہ) ہم انہیں اپنے قدموں تلے ڈال دیں تاکہ وہ جہنم میں سب سے نیچے (سخت عذاب میں) ہوجائیں ۔

إِنَّ ٱلَّذِينَ قَالُوا۟ رَبُّنَا ٱللَّهُ ثُمَّ ٱسْتَقَـٰمُوا۟ تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ
بیشک وہ لوگ جنہوں نے کہا رب ہمارا اللہ ہے پھر وہ جم گئے - انہوں نے استقامت اختیار کی اترتے ہیں ان پر

ٱلْمَلَـٰٓئِكَةُ أَلَّا تَخَافُوا۟ وَلَا تَحْزَنُوا۟ وَأَبْشِرُوا۟ بِٱلْجَنَّةِ
فرشتے کہ نہ تم ڈرو اور نہ تم غم کرو اور خوشخبری پاؤ جنت کی

ٱلَّتِى كُنتُمْ تُوعَدُونَ ﴿٣٠﴾ نَحْنُ أَوْلِيَآؤُكُمْ فِى ٱلْحَيَوٰةِ ٱلدُّنْيَا
وہ جو تھے تم تم وعدہ دیئے جاتے ۴۱:۳۰ ہم تمہارے دوست ہیں میں زندگی میں دنیا کی

وَفِى ٱلْـَٔاخِرَةِ ۖ وَلَكُمْ فِيهَا مَا تَشْتَهِىٓ أَنفُسُكُمْ وَلَكُمْ
اور میں آخرت (میں) اور تمہارے لئے اس میں وہ ہے جو چاہیں گے تمہارے نفس اور تمہارے لئے

فِيهَا مَا تَدَّعُونَ ﴿٣١﴾ نُزُلًا مِّنْ غَفُورٍ رَّحِيمٍ ﴿٣٢﴾ وَمَنْ أَحْسَنُ
اس میں وہ ہے جو تم مانگو گے ۴۱:۳۱ مہمانی ہے سے غفور رحیم (کی طرف سے) ۴۱:۳۲ اور کون زیادہ اچھا ہے

قَوْلًا مِّمَّن دَعَآ إِلَى ٱللَّهِ وَعَمِلَ صَـٰلِحًا وَقَالَ إِنَّنِى مِنَ
بات میں اس سے جو بلائے طرف اللہ کے اور عمل کرے اچھے اور کہے بیشک میں سے

ٱلْمُسْلِمِينَ ﴿٣٣﴾ وَلَا تَسْتَوِى ٱلْحَسَنَةُ وَلَا ٱلسَّيِّئَةُ ۚ ٱدْفَعْ
مسلمانوں میں سے ہوں ۴۱:۳۳ اور نہیں برابر ہوسکتی بھلائی - نیکی اور نہ برائی دور کرو

بِٱلَّتِى هِىَ أَحْسَنُ فَإِذَا ٱلَّذِى بَيْنَكَ وَبَيْنَهُۥ عَدَٰوَةٌ كَأَنَّهُۥ
ساتھ اس طریقے کے وہ زیادہ اچھا ہے تو دفعتا وہ شخص تیرے درمیان اور اس کے درمیان عداوت ہے گویا کہ وہ

وَلِىٌّ حَمِيمٌ ﴿٣٤﴾ وَمَا يُلَقَّىٰهَآ إِلَّا ٱلَّذِينَ صَبَرُوا۟ وَمَا يُلَقَّىٰهَآ
دوست ہے جانثار - جگری - گہرا ۴۱:۳۴ اور نہیں حاصل کرپاتے اس کو مگر ان لوگوں پر - وہ لوگ جنہوں نے صبر کیا اور نہیں حاصل کر پاتے اس کو

إِلَّا ذُو حَظٍّ عَظِيمٍ ﴿٣٥﴾ وَإِمَّا يَنزَغَنَّكَ مِنَ ٱلشَّيْطَـٰنِ نَزْغٌ
مگر والا قسمت بڑی ۴۱:۳۵ اور اگر وسوسہ آئے تجھ کو سے شیطان کی طرف سے کوئی وسوسہ

فَٱسْتَعِذْ بِٱللَّهِ ۖ إِنَّهُۥ هُوَ ٱلسَّمِيعُ ٱلْعَلِيمُ ﴿٣٦﴾ وَمِنْ ءَايَـٰتِهِ
پس پناہ مانگ لو اللہ کی بیشک وہ وہ سننے والا ہے جاننے والا ہے ۴۱:۳۶ اور سے اس کی نشانیوں میں (سے)

ٱلَّيْلُ وَٱلنَّهَارُ وَٱلشَّمْسُ وَٱلْقَمَرُ ۚ لَا تَسْجُدُوا۟ لِلشَّمْسِ
رات اور دن ہے اور سورج اور چاند ہے نہ تم سجدہ کرو سورج کے لئے

وَلَا لِلْقَمَرِ وَٱسْجُدُوا۟ لِلَّهِ ٱلَّذِى خَلَقَهُنَّ إِن كُنتُمْ
اور نہ چاند کے لئے اور سجدہ کرو اللہ کے لئے وہ ذات جس نے پیدا کیا ان کو اگر ہو تم

إِيَّاهُ تَعْبُدُونَ ﴿٣٧﴾ فَإِنِ ٱسْتَكْبَرُوا۟ فَٱلَّذِينَ عِندَ
صرف اسی کی تم عبادت کرتے ۴۱:۳۷ پھر اگر وہ تکبر کریں تو وہ ہستیاں جو پاس ہیں

رَبِّكَ يُسَبِّحُونَ لَهُۥ بِٱلَّيْلِ وَٱلنَّهَارِ وَهُمْ لَا يَسْـَٔمُونَ ۩ ﴿٣٨﴾
تیرے رب کے تسبیح کرتے ہیں اس کے لئے رات اور دن اور وہ نہیں تھکتے - اکتائے ۴۱:۳۸

سجدۃ

۳۰۔ (واقعی) جن لوگوں نے کہا ہمارا پروردگار اللہ ہے اور پھر اسی پر قائم رہے ان کے پاس فرشتے (یہ کہتے ہوئے) آتے ہیں کہ تم کچھ بھی اندیشہ اور غم نہ کرو (بلکہ) اس جنت کی بشارت سن لو جس کا تم وعدہ دیئے گئے ہو۔

۳۱۔ تمہاری دنیاوی زندگی میں بھی ہم تمہارے رفیق تھے اور آخرت میں بھی رہیں گے، جس چیز کو تمہارا جی چاہے اور جو کچھ تم مانگو سب تمہارے لئے (جنت میں موجود) ہے۔

۳۲۔ غفور و رحیم (معبود) کی طرف سے یہ سب کچھ بطور مہمانی کے ہے۔

۳۳۔ اور اس سے زیادہ اچھی بات والا کون ہے جو اللہ کی طرف بلائے اور نیک کام کرے اور کہے کہ میں یقیناً مسلمانوں میں سے ہوں۔

۳۴۔ نیکی اور بدی برابر نہیں ہوتی، برائی کو بھلائی سے دفع کرو پھر وہی جس کے اور تمہارے درمیان دشمنی ہے ایسا ہو جائے گا جیسے دلی دوست۔

۳۵۔ اور یہ بات انہیں نصیب ہوتی ہے جو صبر کریں اور اسے سوائے بڑے نصیبے والوں کے کوئی نہیں پا سکتا۔

۳۶۔ اور اگر شیطان کی طرف سے کوئی وسوسہ آئے تو اللہ کی پناہ طلب کرو، یقیناً وہ بہت ہی سننے والا جاننے والا ہے۔

۳۷۔ اور دن رات اور سورج چاند بھی (اسی کی) نشانیوں میں سے ہیں تم سورج کو سجدہ نہ کرو نہ چاند کو بلکہ سجدہ اس اللہ کے لئے کرو جس نے سب کو پیدا کیا ہے اگر تمہیں اس کی عبادت کرنی ہے تو۔

۳۸۔ پھر بھی اگر یہ کبر و غرور کریں تو وہ (فرشتے) جو آپ کے رب کے نزدیک ہیں وہ تو رات دن اس کی تسبیح بیان کر رہے ہیں اور (کسی وقت بھی) نہیں اکتاتے۔

وَمِنْ ءَايَٰتِهِۦٓ أَنَّكَ تَرَى ٱلْأَرْضَ خَٰشِعَةً فَإِذَآ أَنزَلْنَا عَلَيْهَا ٱلْمَآءَ

اور سے | اس کی نشانیوں میں (سے) | بیشک تم | تم دیکھتے ہو | زمین کو | دبی ہوئی | پھر جب | اتارتے ہیں ہم | اس پر | پانی

ٱهْتَزَّتْ وَرَبَتْ ۚ إِنَّ ٱلَّذِىٓ أَحْيَاهَا لَمُحْىِ ٱلْمَوْتَىٰٓ ۚ إِنَّهُۥ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ

وہ ہلتی ہے | اور پھولتی ہے | بیشک | وہ ذات | جس نے زندہ کیا اس کو | البتہ زندہ کرنے والا ہے | مردوں کو | بیشک وہ | پر | ہر | چیز (پر)

قَدِيرٌ ﴿٣٩﴾ إِنَّ ٱلَّذِينَ يُلْحِدُونَ فِىٓ ءَايَٰتِنَا لَا يَخْفَوْنَ عَلَيْنَآ ۗ أَفَمَن

قادر ہے | ٤١:٣٩ | بیشک | وہ لوگ | جو کجی کرتے ہیں - الحاد کرتے ہیں | میں | ہماری آیات (میں) | نہیں | چھپ سکتے | ہم پر | کیا پھر وہ جو

يُلْقَىٰ فِى ٱلنَّارِ خَيْرٌ أَم مَّن يَأْتِىٓ ءَامِنًا يَوْمَ ٱلْقِيَٰمَةِ ۚ ٱعْمَلُوا۟ مَا شِئْتُمْ

ڈالا جائے گا | میں | آگ (میں) | بہتر ہے | یا | جو | آئے گا | امن میں | دن | قیامت کے | عمل کرو | جو | چاہتے ہو تم

إِنَّهُۥ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ﴿٤٠﴾ إِنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ بِٱلذِّكْرِ لَمَّا جَآءَهُمْ ۖ

بیشک وہ | ساتھ اس کے جو | تم عمل کرتے ہو | دیکھنے والا ہے | ٤١:٤٠ | بیشک | وہ لوگ | جنہوں نے کفر کیا | ذکر (قرآن) سے | جب | وہ آئی ان کے پاس

وَإِنَّهُۥ لَكِتَٰبٌ عَزِيزٌ ﴿٤١﴾ لَّا يَأْتِيهِ ٱلْبَٰطِلُ مِنۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ

اور بیشک وہ | البتہ ایک کتاب ہے | زبردست | ٤١:٤١ | نہیں | آسکتا اس پر - اس کو | باطل | سے | اس کے آگے | اور نہ | سے

خَلْفِهِۦ ۖ تَنزِيلٌ مِّنْ حَكِيمٍ حَمِيدٍ ﴿٤٢﴾ مَّا يُقَالُ لَكَ إِلَّا مَا قَدْ قِيلَ

اس کے پیچھے سے | نازل کردہ ہے | سے | حکمت والے | تعریف والے کی طرف سے | ٤١:٤٢ | نہیں | کہا جارہا | آپ کو | مگر | وہ جو تحقیق | کہا گیا

لِلرُّسُلِ مِن قَبْلِكَ ۚ إِنَّ رَبَّكَ لَذُو مَغْفِرَةٍ وَذُو عِقَابٍ أَلِيمٍ

رسولوں سے | اپ سے پہلے | بیشک | رب تیرا | البتہ والا | بخشش (والا) ہے | اور والا | سزا (والا) ہے | دردناک

﴿٤٣﴾ وَلَوْ جَعَلْنَٰهُ قُرْءَانًا أَعْجَمِيًّا لَّقَالُوا۟ لَوْلَا فُصِّلَتْ ءَايَٰتُهُۥٓ ۖ

٤١:٤٣ | اور اگر | بناتے ہم اس کو | قرآن | عجمی | البتہ وہ کہتے | کیوں نہ | کھول کر بیان کی گئیں | آیات اس کی

ءَا۬عْجَمِىٌّ وَعَرَبِىٌّ ۗ قُلْ هُوَ لِلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ هُدًى وَشِفَآءٌ ۖ وَٱلَّذِينَ

کیا عجمی | اور عربی | کہہ دیجئے | وہ | ان لوگوں کے لئے | جو ایمان لائے | ہدایت | اور شفا ہے | اور وہ لوگ

لَا يُؤْمِنُونَ فِىٓ ءَاذَانِهِمْ وَقْرٌ وَهُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى ۚ أُو۟لَٰٓئِكَ

نہیں | جو ایمان لاتے | میں | ان کے کانوں میں | بوجھ ہے | اور وہ | ان پر | اندھا پن ہے | یہی لوگ

يُنَادَوْنَ مِن مَّكَانٍۭ بَعِيدٍ ﴿٤٤﴾ وَلَقَدْ ءَاتَيْنَا مُوسَى ٱلْكِتَٰبَ

وہ پکارے جاتے ہیں | سے | جگہ (سے) | دور کی | ٤١:٤٤ | اور البتہ تحقیق | دی ہم نے | موسیٰ کو | کتاب

فَٱخْتُلِفَ فِيهِ ۗ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِن رَّبِّكَ لَقُضِىَ

پس اختلاف کیا گیا | اس میں | اور اگر نہ | ایک بات ہوتی | جو پہلے ہوچکی | سے | تیرے رب کی طرف (سے) | البتہ فیصلہ کردیا جاتا

بَيْنَهُمْ ۚ وَإِنَّهُمْ لَفِى شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيبٍ ﴿٤٥﴾ مَّنْ عَمِلَ صَٰلِحًا

ان کے درمیان | اور بیشک وہ | البتہ میں ہیں | شک (میں) | اس کی طرف سے | بے چین کرنے والے | ٤١:٤٥ | جس نے | عمل کیے | اچھے

فَلِنَفْسِهِۦ ۖ وَمَنْ أَسَآءَ فَعَلَيْهَا ۗ وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّٰمٍ لِّلْعَبِيدِ ﴿٤٦﴾

تو اپنی ہی ذات کے لئے | اور جس نے | برا کیا | تو اس کا وبال اسی پر ہے | اور نہیں | رب تیرا | بہت ظلم کرنے والا | بندوں پر | ٤١:٤٦

---

٣٩. اور اس اللہ کی نشانیوں میں سے (یہ بھی) ہے کہ تو زمین کو دبی دبائی دیکھتا ہے پھر جب ہم اس پر مینہ برساتے ہیں تو وہی ترو تازہ ہو کر ابھرنے لگتی ہے، جس نے اسے زندہ کیا وہی یقینی طور پر مردوں کو بھی زندہ کرنے والا ہے بے شک وہ ہر چیز پر قادر ہے

٤٠. بیشک جو لوگ ہماری آیتوں میں کج روی کرتے ہیں وہ (کچھ) ہم سے مخفی نہیں، (بتلاؤ تو) جو آگ میں ڈالا جائے وہ اچھا ہے یا وہ جو امن و امان کے ساتھ قیامت کے دن آئے؟ تم جو چاہو کرتے چلے جاؤ وہ تمہارا سب کیا کرایا دیکھ رہا ہے۔

٤١. جن لوگوں نے اپنے پاس قرآن پہنچ جانے کے باوجود اس سے کفر کیا، (وہ بھی ہم سے پوشیدہ نہیں) یہ با وقعت کتاب ہے۔

٤٢. جس کے پاس باطل پھٹک نہیں سکتا نہ اس کے آگے سے اور نہ اس کے پیچھے سے، یہ ہے نازل کردہ حکمتوں والے خوبیوں والے (اللہ) کی طرف سے۔

٤٣. آپ سے وہی کہا جاتا ہے جو آپ سے پہلے کے رسولوں سے بھی کہا گیا ہے یقیناً آپ کا رب معافی والا اور دردناک عذاب والا ہے۔

٤٤. اور اگر ہم اسے عجمی زبان کا قرآن بناتے تو کہتے کہ اس کی آیتیں صاف صاف بیان کیوں نہیں کی گئیں؟ یہ کیا کہ عجمی کتاب اور آپ عربی رسول؟ آپ کہہ دیجئے! کہ یہ تو ایمان والوں کے لئے ہدایت و شفا ہے اور جو ایمان نہیں لاتے ان کے کانوں میں تو (بہرہ پن اور) بوجھ ہے اور یہ ان پر اندھا پن ہے، یہ وہ لوگ ہیں جو کسی بہت دور دراز جگہ سے پکارے جا رہے ہیں۔

٤٥. یقیناً ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو کتاب دی تھی، سو اس میں بھی اختلاف کیا گیا اور اگر (وہ) بات نہ ہوتی (جو) آپ کے رب کی طرف سے پہلے ہی مقرر ہو چکی ہے، تو ان کے درمیان (کبھی) کا فیصلہ ہو چکا ہوتا، یہ لوگ تو اسکے بارے میں سخت بے چین کرنے والے شک میں ہیں۔

٤٦. جو شخص نیک کام کرے گا وہ اپنے نفع کے لئے اور جو برا کام کرے گا اس کا وبال بھی اسی پر ہے۔ اور آپ کا رب بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں۔